# وفاق المدارس کی طرف سے جاری کردہ مختلف اخباری بیانات اور پریس ریلیز

(دینی مدارس کے خلاف ہونے والی سازشوں اور پروپیگنڈہ کے خلاف وفاق المدارس کی قیادت کی طرف سے اخباری بیانات مستقل اور مسلسل جاری کئے جاتے ہیں۔ذیل میں ریکارڈ میں محفوظ رکھنے کے لئے وہ بیانات نذر قارئین ہیں)

### بھارتی اسلحہ کی برآمدگی نے حقائق بےنقاب کردیئے۔وفاق المدارس

(پ-ر) کراچی ایئرپورٹ پر حملہ، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکریٹری مولانا حنیف جالندھری نے کہا ہے کہ حملہ آوروں سے بھارتی ساخت کے ہتھیاروں کی برآمدگی نے دہشت گردی کے حوالے سے کئی حقائق بے نقاب کردیئے۔حکمران امن وامان کے معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے کہا کہ کراچی ایئرپورٹ پر حملہ میں ملوث شرپسندوں کو گرفتار کر کے نشانِ عبرت بنایا جائے،انہوں نے کہا کہ ان شرپسندوں کی گرفتاری کے ذریعے دہشت گردی کے حقیقی نیٹ ورک تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔اب حکمران لیپاپوتی سے کام لینے کے بجائے دہشت گردی کے حقیقی اسباب وعوامل کا جڑ سے خاتمہ کریں۔

☆......☆......☆

### وفاق المدارس کے اجلاس میں مضاربہ اسکینڈل پر کوئی بات نہیں ہوئی

(م-ر) جامعہ فاروقیہ کراچی کے نائب مہتمم اور صدر وفاق المدارس العربیہ حضرت مولانا سلیم اللہ خان کے معاون خصوصی مولانا عبید اللہ خالد نے وضاحت کی ہے کہ وفاق المدارس العربیہ کی مجلس عاملہ کا اجلاس منعقدہ 13,14 مئی بمطابق 13,14 رجب بمقام جامعہ فاروقیہ کراچی، خالص دستوری اجلاس تھا، جس کے تین سیشن ہوئے، دو سیشن 13 مئی کو اور ایک سیشن 14 مئی کو، ان تینوں سیشنوں میں مضاربہ اسکینڈل کے حوالے سے نہ کوئی لفظ بولا گیا نہ سنا گیا اور نہ ہی اس حوالے سے کوئی تحریر جاری کی گئی۔صدر وفاق کے معاون خصوصی نے مزید وضاحت کی کہ وفاق المدارس العربیہ ایک خالص تعلیمی وتربیتی ادارہ ہے جس کا اس طرح کے غیر تعلیمی امور سے کوئی تعلق نہیں۔

☆......☆......☆

## مانسہرہ واقعہ میں ملوث شخص کا کسی مدرسے سے تعلق نہیں، وفاق المدارس

(پ-ر) مانسہرہ کے افسوس ناک واقعہ میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچا کر نشانِ عبرت بنایا جائے، مانسہرہ واقعہ کی آڑ میں مدارس دینیہ کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ بند کیا جائے، واقعہ میں مبینہ طور پر ملوث شخص کسی مدرسہ کا مہتمم ہرگز نہیں بلکہ دکاندار ہے، میڈیا غیر ذمہ دارانہ اور بلاتحقیق رپورٹنگ سے گریز کرے، جس طرح دیگر ہزاروں جرائم پیشہ لوگوں کی رشتہ داریاں اور ان کے تعلیمی ادارے زیر بحث نہیں لائے جاتے اسی طرح اس واقعہ میں ملوث افراد کے معاملے میں مدارس دینیہ کو زیر بحث لانے سے گریز کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس کے ترجمان مولانا عبدالقدوس محمدی نے اخبار نویسوں کے سامنے مانسہرہ واقعہ کے متعلق وفاق المدارس کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کیا۔ مانسہرہ میں چلتی گاڑی میں طالبہ کے ساتھ اجتماعی زیادتی کیس میں میڈیا میں بار بار مدرسے کا حوالہ آنے پر وفاق المدارس نے مولانا حبیب الرحمٰن کی سربراہی میں ایک تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی، جس کی تحقیقات کے مطابق وقعہ مانسہرہ میں ملوث نصیر نامی ملزم جس کو کسی مدرسہ کا مہتمم بتایا جارہا تھا بیدڑہ چوک مانسہرہ میں مرغیوں کی دکان ہے جبکہ مانسہرہ شہر میں ناڑی مسجد کے سامنے واقع مرکزی بازار میں اس شخص کی ''حسان لیس سینٹر'' کے نام سے ہوزری کی دکان ہے، جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ملزم گاڑیوں کی خرید وفروخت کے کاروبار سے منسلک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق المدارس نے اپنے مرکزی دفتر کے ریکارڈ میں بھی چیک کروایا اور دیگر چاروں وفاقوں کے ریکارڈ میں چیک کروایا تو مانسہرہ میں اس نام کے کسی بھی مہتمم مدرسہ یا مدرس کا نام سامنے نہیں آسکا۔ مولانا عبدالقدوس محمدی نے وفاق المدارس کی طرف سے اس واقعہ میں ملوث لوگوں کو کیفر کردار تک پہنچا کر نشانِ عبرت بنانے کا مطالبہ کیا۔ وفاق المدارس کے ترجمان نے کہا کہ اس وقعہ کی آڑ میں مدارس دینیہ کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ بند کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح کسی بھی واقعہ میں ملوث ملزمان جن اداروں میں زیر تعلیم رہے ہوتے ہیں یا ان کی جن لوگوں کے ساتھ رشتہ داریاں ہوتی ہیں انہیں زیر بحث نہیں لایا جاتا اسی طرح اس کیس میں یہی طرز عمل اپنانا چاہیے۔

☆......☆......☆

## حکمران مدارس کے امتحانی نظام سے رہنمائی حاصل کریں۔ قاضی عبدالرشید

(پ-ر) حکمران وفاق المدارس کے مثالی امتحانی سسٹم سے رہنمائی حاصل کریں، سیکورٹی اور بوٹی مافیا سے پاک امتحانی سسٹم اپنی مثال آپ ہے، سرکاری بجٹ کے بغیر بیک وقت پورے ملک میں ایک پرچہ ایک نظام کے تحت ہونے والے امتحانات مدارس دینیہ کے معیاری نظام کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں، زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد مدارس کا دورہ کر کے بچشم خود امتحانی سسٹم کا مشاہدہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ کے قائم

مقام جنرل سیکرٹری مولانا قاضی عبدالرشید نے اسلام آباد کے مختلف امتحانی مراکز کے دورے کے موقع پر اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران وفاق المدارس کے مثالی اور منفرد امتحانی سسٹم سے رہنمائی حاصل کریں اور وفاق المدارس کے خوف خدا اور دیانت پر مبنی امتحانی سسٹم سے سبق سیکھ کر اسے سرکاری اداروں میں رائج کرنے کا اہتمام کریں۔ مولانا قاضی عبدالرشید نے کہا کہ امن وامان کی دگرگوں صورت حال میں فاٹا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت پورے ملک میں بیک وقت ''ایک پرچہ اور ایک نظام'' کے تحت ہونے والے امتحانات مدارس دینیہ کے معیاری سسٹم کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان امتحانات کے لیے نہ تو رینجرز کے پہروں اور نہ ہی سنگینوں کے سائے کی ضرورت پڑتی ہے اور نہ ہی کہیں بوٹی مافیا نظر آتی ہے۔ مولانا قاضی عبدالرشید نے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو دعوت دی کہ وہ مدارس دینیہ کا دورہ کر کے مدارس کے معیاری اور مثالی امتحانی سسٹم کا بچشم خود مشاہدہ کریں اور مدارس دینیہ کے خلاف ہونے والے بے بنیاد پروپیگنڈے کی حقیقت سے آگاہی حاصل کریں۔ دریں اثناء وفاق المدارس کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری 5 روزہ تبلیغی دورے پر ملائشیا روانہ ہوگئے۔ مولانا جالندھری کی بیرونِ ملک روانگی کے باعث مولانا قاضی عبدالرشید کو وفاق المدارس کا قائم مقام جنرل سیکرٹری مقرر کردیا گیا ہے، مولانا جالندھری کی عدم موجودگی میں مولانا قاضی عبدالرشید امتحانی اور دیگر انتظامی امور کی نگرانی کریں گے۔

☆......☆......☆

## شیخ الاسلام حضرت مدنی رحمہ اللہ کی جفاکشی

حضرت مدنیؒ مجاہد تو تھے ہی، لیکن رمضان میں ان کے آرام کا وقت زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ہوتا تھا۔ رات کو مولوی عبدالجلیل تراویح کی آٹھ رکعات میں ایک پارہ پڑھتے، پھر حضرت مدنی رحمہ اللہ وہی پارہ بارہ رکعات میں پڑھتے، بارہ ساڑھے بارہ بجے تراویح ختم ہوتی تھی، پھر آدھا گھنٹہ وقفہ ہوتا تھا اور اس کے بعد تہجد کی نماز با جماعت ہوتی تھی اور اس میں بھی یہی ہوتا تھا کہ مولوی عبدالجلیل آٹھ رکعات میں ایک پارہ سناتے پھر حضرت مدنی رحمہ اللہ بارہ رکعات میں وہی پارہ سناتے، اور یہ حالت اس وقت تھی جب حضرت بوڑھے ہو چکے تھے۔

(صدائے وفاق)